آڈٹ بیورو آف سرکولیشن (ABC) وزارت اطلاعات ونشریات سے باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت

DAILY NAWA-E-AHMEDPUR SHARQIA

روزنامہ نوائے احمد پور شرقیہ بہاولپور

چیف ایڈیٹر: احسان احمد سحر ٹیلیفون نمبر: 062-2508053 موبائل: 0301-7740405

ایڈیٹر: اعجاز احمد خان

مینیجنگ ایڈیٹر: محمد سلیمان فاروقی

E-mail: nawaiahmedpur@gmail.com, daily.nawaiahmedpur@gmail.com

جلد نمبر 20 | بروز منگل 06 اکتوبر 2026ء قیمت فی شمارہ 10 روپے زرسالانہ 3 ہزار روپے | شمارہ نمبر 188

# افغانستان پر ماسکو فارمیٹ اجلاس، پاکستان کی اعلیٰ سطحی وفد کی شرکت

افغانستان سے متعلق ماسکو فارمیٹ مشاورت کا آٹھواں اجلاس روسی دارالحکومت ماسکو میں شروع ہوگیا، جس میں پاکستان، افغانستان اور خطے کے دیگر ممالک کے نمائندے علاقائی امن، سلامتی، انسداد دہشت گردی اور اقتصادی تعاون سمیت اہم امور پر تبادلہ خیال کررہے ہیں

**ماسکو فارمیٹ افغانستان اور خطے کے متعلقہ ممالک کو ایک مشترکہ پلیٹ فارم فراہم کرتا ہے، جہاں افغانستان کی سیاسی، سکیورٹی، انسانی اور اقتصادی صورت حال سمیت باہمی دلچسپی کے علاقائی معاملات پر مشاورت کی جاتی ہے**

ماسکو (مانیٹرنگ ڈیسک) افغانستان سے متعلق ماسکو فارمیٹ مشاورت کا آٹھواں اجلاس روسی دارالحکومت ماسکو میں شروع ہوگیا، جس میں پاکستان، افغانستان اور خطے کے دیگر ممالک کے نمائندے علاقائی امن، سلامتی، انسداد دہشت گردی اور اقتصادی تعاون سمیت اہم امور پر تبادلہ خیال کررہے ہیں۔ روسی وزیر خارجہ سرگئی لاوروف نے اجلاس کے افتتاحی سیشن میں شرکت

بقیہ نمبر 1 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

## ملک میں سیمنٹ کی ریٹیل قیمت میں معمولی اضافہ

اسلام آباد (سی ایم لنکس) ملک میں سیمنٹ کی ریٹیل قیمتوں میں گزشتہ ہفتے کے دوران معمولی اضافہ ریکارڈ کیا گیا ہے۔ پاکستان بیورو برائے

بقیہ نمبر 3 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

## بہاولپور شہر کی خوبصورتی، تزئین وآرائش اور بیوٹیفکیشن منصوبوں پر خصوصی توجہ

**کمشنر بہاولپور ڈویژن عرفان علی کاٹھیا نے رفیع قمر روڈ نزد کانجو چوک پر زیر تعمیر مونومنٹ کا معائنہ کیا**

بہاول پور (پ ر) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز کے وژن "خوبصورت پنجاب" کے تحت بہاولپور شہر کی خوبصورتی، تزئین و آرائش اور بیوٹیفکیشن منصوبوں پر خصوصی توجہ دی جارہی ہے۔ اسی سلسلے میں کمشنر بہاولپور ڈویژن عرفان علی کاٹھیا

بقیہ نمبر 2 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

# اپنی چھت اپنا گھر منصوبے کی کامیابی مریم نواز کو عالمی اعزاز سے نوازدیا گیا

وزیراعلیٰ پنجاب کو یہ ایوارڈ مسقط کے تاریخی کنونشن اینڈ ایگزیبیشن سینٹر میں منعقدہ ورلڈ ہیبیٹ ڈے کی پروقار تقریب میں پیش کیا گیا

**پاکستان کی تاریخ میں پہلی مرتبہ ہے کہ کسی صوبے کے ہاسنگ پراجیکٹ کو عالمی سطح پر پذیرائی کے ساتھ یو این ہیبیٹ سکرول آف آنر ایوارڈ سے نوازا گیا**

مسقط (مانیٹرنگ ڈیسک) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے اپنی چھت، اپنا گھر پراجیکٹ کے لیے یو این ہیبی ٹیٹ سکرول آف آنر ایوارڈ وصول کرلیا، انہیں یہ ایوارڈ مسقط کے تاریخی کنونشن اینڈ ایگزیبیشن سینٹر میں منعقدہ ورلڈ ہیبیٹ ڈے

بقیہ نمبر 4 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

## کمشنر بہاولپور نے ون یونٹ سٹاف کالونی میں نئے جاری سیوریج منصوبے کا معائنہ کیا

**منصوبے کی تکمیل میں غیر ضروری تاخیر ہرگز برداشت نہیں کی جائے گی**

بہاول پور (پ ر) کمشنر بہاولپور ڈویژن عرفان علی کاٹھیا نے ون یونٹ سٹاف کالونی میں نئے جاری سیوریج منصوبے کا معائنہ کیا اور زیر تعمیر سیوریج لائنوں سمیت جاری تعمیراتی کاموں کا جائزہ لیا۔ اس موقع پر متعلقہ افسران نے کمشنر بہاولپور ڈویژن کو منصوبے کی پیش رفت، کام کی رفتار اور تعمیراتی مراحل کے حوالے سے بریفنگ

بقیہ نمبر 5 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

# خیبر پختونخوا حکومت غلط پالیسی کا حصہ نہیں بنے گی طاقتوروں کو ایبسلوٹلی ناٹ کہہ دیا: سہیل آفریدی

**شہید فوجی ہمارے وجود کا حصہ ہیں مگر غلط پالیسی کے باغی ہیں، صوابی میں اگلا لائحہ عمل دوں گا، وزیراعلیٰ محمد سہیل آفریدی لانگ مارچ سے خطاب**

پشاور (مانیٹرنگ ڈیسک) وزیر اعلیٰ خیبر پختونخوا محمد سہیل آفریدی نے کہا ہے کہ خیبر پختونخوا حکومت غلط پالیسی کا حصہ نہیں بنے گی طاقتوروں کو ایبسلوٹلی ناٹ کہہ دیا، ہم پر جو دہشت گردی مسلط کی گئی یہ سوچے سمجھے منصوبے کے تحت

بقیہ نمبر 8 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

## وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر محمد کامران کی اسپیکر پنجاب کی زیر صدارت ایک اجلاس میں شرکت

**پنجاب کی یونیورسٹیوں تعلیمی وفد کے باکو آذربائیجان کے دورے کی تجویز پر غور کیا گیا**

بہاول پور (پ ر) وائس چانسلر اسلامیہ یونیورسٹی بہاولپور پروفیسر ڈاکٹر محمد کامران نے پنجاب کی یونیورسٹیوں کے وائس چانسلرز کے ہمراہ اسپیکر پنجاب ملک محمد احمد خان کی زیر صدارت ایک اجلاس میں شرکت کی۔ اجلاس میں پنجاب کی یونیورسٹیوں تعلیمی وفد کے باکو آذربائیجان کے

بقیہ نمبر 6 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

## طیاروں کے ایندھن میں 3 روز میں 9 روپے فی لیٹر سے زائد اضافہ

اسلام آباد (سی ایم لنکس) طیاروں کے ایندھن جیٹ فیول کی قیمت میں 3 روز میں 9 روپے فی لیٹر سے زائد اضافہ ہوگیا۔ ایئر لائن

بقیہ نمبر 7 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

# جماعت اسلامی کا غزہ مارچ: امت فرقوں میں الجھنے کے بجائے فلسطینیوں کیلئے متحد ہو: حافظ نعیم الرحمن

اکتوبر کا پہلا ہفتہ اہل غزہ وفلسطین کے مظلوم ونہتے مسلمانوں سے اظہار یکجہتی کے طور پر منایا جائے گا، پٹرولیم لیوی بھتہ ٹیکس اور مہنگائی کے خلاف تحریک جاری ہے، 7 اکتوبر کے بعد آئندہ کے لائحہ عمل کا اعلان کیا جائے گا

**پاکستان، ترکی اور سعودی عرب پر مشتمل دفاعی معاہدہ خوش آئند ہے، دفاعی معاہدے میں ایران، بنگلہ دیش سمیت دیگر مسلم ممالک کو بھی شامل کیا جائے: امیر جماعت اسلامی**

کراچی (مانیٹرنگ ڈیسک) اہل غزہ و فلسطین سے بھرپور اظہار یکجہتی کے لیے جماعت اسلامی کراچی کے تحت شاہراہ قائدین پر عظیم الشان و تاریخی غزہ مارچ کا انعقاد کیا گیا۔ مارچ سے قبل امیر جماعت اسلامی کراچی منعم ظفر خان کی زیر قیادت نورانی کباب تا اللہ والی چورنگی ریلی نکالی گئی۔ امیر جماعت اسلامی حافظ نعیم الرحمٰن نے غزہ مارچ کے شرکا سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ اکتوبر کا پہلا ہفتہ اہل غزہ وفلسطین کے مظلوم و نہتے مسلمانوں سے اظہار یکجہتی کے طور پر منایا جائے گا، پٹرولیم لیوی بھتہ ٹیکس اور مہنگائی کے خلاف تحریک جاری ہے، 7 اکتوبر کے بعد آئندہ کے لائحہ عمل کا اعلان کیا جائے گا، پاکستان، ترکی اور

بقیہ نمبر 9 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

## سلام ٹیچرز ڈے کے موقع پر گورنمنٹ ہائیر سیکنڈری سکول لودھراں میں پروقار تقریب

**طلبا اور سکالرز کا اساتذہ کو خراج تحسین پیش**

لودھراں (پ ر) سلام ٹیچرز ڈے کے موقع پر گورنمنٹ ہائیر سیکنڈری سکول لودھراں میں پروقار تقریب، طلبا اور سکالرز کا اساتذہ کو خراج

بقیہ نمبر 10 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

# روڈ یوزرز کی جان و مال کا تحفظ اور شاہراہوں پر محفوظ اور رواں ٹریفک کو یقینی بنانا موٹروے پولیس کی اولین ترجیح: سیکٹر کمانڈر ایس پی رانا محمد اسماعیل

**موٹروے پولیس کی جانب سے شاہراہوں پر گشت، نگرانی اور روڈ یوزرز کی رہنمائی کا عمل مزید موثر بنایا جارہا ہے صحافیوں سے گفتگو ڈی ایس پی سید محمد رضوان شاہ بھی موجود تھے**

جن پور (نامہ نگار) روڈ یوزرز کی جان ومال کا تحفظ اور شاہراہوں پر محفوظ منظم اور رواں ٹریفک کو یقینی بنانا نیشنل ہائی ویز اینڈ موٹروے پولیس کی اولین ترجیح ہے ٹریفک قوانین پر عملدرآمد یقینی بنانے سے اپنی اور دوسروں کی جان بچائی جاسکتی ہے سیکٹر کمانڈر ایس پی رانا محمد اسماعیل تفصیلات کے مطابق سیکٹر کمانڈر ایس پی موٹروے پولیس رانا محمد اسماعیل نے صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے کہا ہے کہ ٹریفک قوانین پر عملدرآمد کے ساتھ ساتھ شہریوں کو محفوظ ڈرائیونگ کے اصولوں سے آگاہ کرنا بھی ہماری ذمہ داری ہے کیونکہ ذمہ دارانہ ڈرائیونگ ہی حادثات کی روک تھام میں بنیادی کردار ادا کرتی

بقیہ نمبر 13 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

سیکٹر کمانڈر ایس پی موٹروے پولیس رانا محمد اسماعیل صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے اس موقع پر ڈی ایس پی محمد رضوان شاہ بھی موجود ہیں۔

# پروفیسر ڈاکٹر احمد عباس نے پی ایچ ڈی کا مقالہ حضرت مخدوم جہانیاں جہاں گشت کے ملفوظات پر مشتمل کتاب خزانہ جلالیہ کی تصحیح مقدمے کے عنوان سے مکمل کیا

**مقالہ نگار صدر شعبہ فارسی سول لائنز کالج ملتان نے صاحب کتاب اور حضرت سید شیر شاہ جلال الدین بخاری کے مزارات پر حاضری دی تھیسز کی ہارڈ کاپی خلیفہ شمیم عباس کو لائبریری کے لیے پیش کی**

اوچ شریف: پروفیسر ڈاکٹر احمد عباس، خلیفہ شمیم عباس تجرانولیس کو پی ایچ ڈی مقالے کی ہارڈ کاپی بعنوان "خزانہ جلالیہ تصحیح مقدمہ" پیش کرتے ہوئے، پروفیسر ڈاکٹر محمد الطاف ڈاھر جلالوی، صاحبزادہ سید نجیب علی بخاری، پروفیسر قیصر عباس بھی موجود ہیں۔

احمد پور شرقیہ / اوچ شریف (پ ر) صدر شعبہ فارسی سول لائنز کالج ملتان کے پروفیسر ڈاکٹر احمد عباس نے اسلامیہ یونیورسٹی بہاولپور پاکستان سے ڈاکٹریٹ (پی ایچ ڈی) کا مقالہ برصغیر کے معروف عالم و روحانی ہستی حضرت سید جلال الدین حسین حسینی بخاری جو مخدوم جہانیاں جہان گشت رح) متوفی 785 ھجری (کے نام سے پہچانے جاتے ہیں کے ملفوظات پر مشتمل کتاب

بقیہ نمبر 17 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

## ہمیں اساتذہ کا معاشرے میں کلیدی کردار کا احساس کرنا چاہیے، ڈاکٹر محمد کامران

**اور اس کلیدی کردار ادا کرنے کے لیے اساتذہ کی تعلیم و تربیت پر خصوصی توجہ دینی چاہیے**

بہاول پور (پ ر) وائس چانسلر اسلامیہ یونیورسٹی بہاولپور پروفیسر ڈاکٹر محمد کامران نے ورلڈ ٹیچرز ڈے کے موقع پر اپنے پیغام میں کہا کہ اس دن ہمیں اپنے اساتذہ کو عزت اور احترام سے یاد کرنا چاہیے۔ ہمیں اساتذہ کا معاشرے میں کلیدی کردار کا احساس کرنا چاہیے اور اس کلیدی کردار ادا کرنے کے لیے اساتذہ کی تعلیم و تربیت پر خصوصی توجہ دینی

بقیہ نمبر 12 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

## حضرت شاہ رکن عالمؒ کے 713 ویں سالانہ عرس کی تقریبات 17 اکتوبر سے شروع ہوں گی

ملتان (سی ایم لنکس) حضرت شاہ رکن عالمؒ کے 713 ویں سالانہ عرس کی تقریبات 17

بقیہ نمبر 11 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

بہاولپور: کمشنر عرفان علی کاٹھیا رفیع قمر روڈ نزد کانجو چوک پر زیر تعمیر مونومنٹ کی تعمیراتی پیش رفت کا جائزہ لے رہے ہیں۔

بہاولپور: کمشنر عرفان علی کاٹھیا ون یونٹ سٹاف کالونی میں نئے جاری سیوریج منصوبے کا معائنہ کررہے ہیں۔

## رکن صوبائی اسمبلی سعدیہ بلال کی صوبائی وزیر صحت خواجہ سلمان رفیق سے اہم ملاقات

**بہاولپور کے ہسپتالوں میں طبی سہولیات اور نرسنگ سٹاف کی دستیابی سے متعلق امور پر گفتگو کی گئی**

بہاول پور (پ ر) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز کے وژن کے تحت صحت کے شعبے میں عوام کو معیاری اور جدید طبی سہولیات کی فراہمی کے لیے اقدامات جاری ہیں۔ اس سلسلے میں رکن صوبائی اسمبلی سعدیہ بلال نے صوبائی وزیر صحت خواجہ سلمان رفیق سے اہم ملاقات کی، جس میں بہاولپور کے ہسپتالوں میں طبی سہولیات اور نرسنگ

بقیہ نمبر 14 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

## راولپنڈی: اہلیہ پر تشدد کے الزام میں خاتون ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر کا شوہر گرفتار

پولیس نے ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر کے شوہر جواد علی کو گرفتار کر کے عدالت میں پیش کردیا

**عدالت نے ملزم جواد علی کو 14 روز کے لیے جوڈیشل ریمانڈ پر جیل بھیج دیا**

راولپنڈی (مانیٹرنگ ڈیسک) خاتون ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر کے شوہر کو اہلیہ پر تشدد کے الزام میں گرفتار کر کے جوڈیشل ریمانڈ پر جیل بھیج دیا گیا۔ ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر ملیحہ سحر نے اپنے شوہر پر تشدد کا الزام عائد کیا تھا۔ خاتون ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر کی درخواست پر ملزم جواد علی کے خلاف تھانہ ویمن پولیس میں مقدمہ درج کیا گیا تھا۔ پولیس نے ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر کے شوہر جواد علی کو گرفتار کر کے عدالت میں پیش کردیا۔ عدالت نے ملزم جواد علی کو 14 روز کے لیے جوڈیشل ریمانڈ پر جیل بھیج دیا۔

## وزیر دفاع نے پی ٹی آئی سے 8 سوالات کے جواب مانگ لیے

آج تحریک انصاف کی یہ دلیل مسلسل سننے کو ملی کہ "ہمیں دہشتگردی کے خلاف پالیسی بنانے نہیں دی گئی۔"

**اس جھوٹے دعوے پر میرے تحریک انصاف سے 8 بنیادی سوالات ہیں**

اسلام آباد (سی ایم لنکس) وزیر دفاع خواجہ آصف نے پاکستان تحریک انصاف سے 8

بقیہ نمبر 23 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

## روس نے جیٹ ڈرون ٹیکنالوجی شمالی کوریا کو فراہم کی، یوکرین کا دعویٰ

**روس شمالی کوریا کے ساتھ ٹیکنالوجی شیئر کررہا ہے۔**

کیف (سی ایم لنکس) یوکرین کے صدر ولودیمیر زیلنسکی نے کہا ہے کہ ان کا خیال ہے روس نے جدید جیٹ انجن سے چلنے والے ڈرونز کی ٹیکنالوجی اپنے دیرینہ اتحادی شمالی کوریا کے ساتھ شیئر کی ہے۔ رائٹرز کے مطابق زیلنسکی نے

بقیہ نمبر 15 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

## ملکی سلامتی افواج پاکستان اداروں کی نیک نامی اور باہمی اتفاق کو فروغ دینا ہوگا فہیم اسلم

**پاکستان سول سولجر موومنٹ کے منعقدہ اجلاس سے ڈویژنل نائب صدر کی بطور مہمان خصوصی ایک مشترکہ اجلاس میں بات چیت**

احمد پور شرقیہ (تحصیل رپورٹر) ملکی سلامتی افواج پاکستان اداروں کی نیک نامی اور باہمی اتفاق کو فروغ دینا ہوگا استحکام پاکستان کے لیے سکولز کالج مدارس عوامی سماجی تنظیموں میں آگاہی اتحاد ونظم ضبط کے لیے آگے بڑھنا چاہیے ان خیالات کا اظہار پاکستان سول سولجر موومنٹ کے منعقدہ اجلاس سے ڈویژنل نائب صدر فہیم اسلم نے بطور مہمان خصوصی ایک مشترکہ اجلاس میں

بقیہ نمبر 22 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

## جے یو آئی کا 15 اکتوبر کو ملتان میں حکومت مخالف جلسے کا اعلان

یہ جلسہ جنوبی پنجاب کی سیاسی سمت کا تعین کرے گا اور مولانا فضل الرحمان احتجاجی تحریک کے اگلے مرحلے کا اعلان کریں گے

**جنوبی پنجاب کے دل ملتان میں 15 اکتوبر کو مفتی محمود کانفرنس ہوگی۔ جمعیت علمائے اسلام (ف) کے ترجمان**

لاہور (سی ایم لنکس) جے یو آئی نے 15 اکتوبر کو ملتان میں حکومت مخالف جلسے کا اعلان کردیا

بقیہ نمبر 21 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

## امریکا نے برطانوی فوجی اڈے سے اپنے تمام بمبار طیارے ہٹا لیے

**امریکہ نے اس انخلا کی کوئی وجہ نہیں بتائی**

واشنگٹن (سی ایم لنکس) امریکا نے برطانیہ کے آر اے ایف فیئر فورڈ فوجی اڈے سے اپنے تمام بمبار طیارے واپس ملک میں ان کے مستقل

بقیہ نمبر 16 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

## کماد کے کاشتکاروں کو رواں سیزن میں ممکنہ مشکلات کے پیش نظر بروقت اور بہتر حکمت عملی اپنانے کی ضرورت ہے

**کسان حلقوں کا کہنا ہے کہ اس سال کماد کی کاشت گزشتہ برسوں کی نسبت زیادہ ہونے کے باعث مارکیٹ میں دباؤ پیدا ہونے کا خدشہ ہے**

چنی گوٹھ (نامہ نگار) کماد کے کاشتکاروں کو رواں سیزن میں ممکنہ مشکلات کے پیش نظر بروقت اور بہتر حکمت عملی اپنانے کی ضرورت ہے۔ کسان حلقوں کا کہنا ہے کہ اس سال کماد کی کاشت گزشتہ برسوں کی نسبت زیادہ ہونے کے باعث مارکیٹ میں دباؤ پیدا ہونے کا خدشہ ہے، اس لیے کاشتکار صرف زیادہ قیمت کے انتظار میں اپنی فصل روکنے سے گریز کریں۔ کسانوں کے مطابق کماد ایسی فصل

بقیہ نمبر 24 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

حاصل پور: عاشق حسین خان میموریل آرگنائزیشن وبزم نعت کی تقریب سے سابق جج سید غلام عباس سید مبارک شمس ذوالفقار علی قائم خانی خضر حیات خاں ایڈووکیٹ ودیگر خطاب کررہے ہیں۔

## بلاول بھٹو نے تھر کول فیز 3 کا افتتاح کردیا

چیئرمین پیپلز پارٹی بلاول بھٹو نے نئے صوبوں کے قیام پر وفاقی وزراء کے بیانات کو سمجھ سے بالاتر قرار دے دیا

**سسٹم ناکام ہونے کا بیانیہ بنا کر نئے صوبے بنانے کی منطق سمجھ نہیں آتی۔ بلاول بھٹو زرداری**

کراچی (سی ایم لنکس) چیئرمین پاکستان پیپلز پارٹی بلاول بھٹو زرداری نے تھر کول فیز 3 کا افتتاح کردیا۔ تھر میں نے تھر کول فیز 3 کی افتتاحی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے چیئرمین پیپلز پارٹی بلاول بھٹو نے نئے صوبوں کے قیام پر وفاقی

بقیہ نمبر 20 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

بہاولپور: ڈی پی او رانا عبدالوہاب اپنے آفس میں کھلی کچہری کے موقع پر شہریوں کے مسائل دریافت کررہے ہیں۔

## ڈی پی او آفس میں کھلی کچہری، رانا عبدالوہاب نے مسائل سنے

**متعلقہ افسران کو بذریعہ فون فوری قانونی کارروائی اور بروقت واپسی رپورٹ پیش کرنے کے احکامات جاری کیے**

بہاول پور (پ ر) ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر بہاولپور رانا عبدالوہاب کی جانب سے شہریوں کے مسائل کے فوری اور میرٹ پر حل کے لیے روزانہ کی بنیاد پر اپنے دفتر میں کھلی کچہری کا انعقاد کیا گیا۔ آج منعقدہ کھلی کچہری میں 25 سے زائد شہریوں نے شرکت کر کے اپنے مسائل براہ راست ڈی پی او بہاولپور کے سامنے پیش

بقیہ نمبر 18 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

## انٹرنیشنل یونین آف رائٹرز کے زیر اہتمام ماہانہ ادبی بیٹھک

**عاشق حسین خان ایڈووکیٹ میموریل آرگنائزیشن حاصل پور بزم نعت اور**

سالانہ نعتیہ مشاعرہ کے ساتھ سید مبارک علی شمسی کی نعتیہ کتاب "والشمس والضحیٰ" اور ڈاکٹر علی حسن باجوہ کی

**کتاب "دماغ کے قیدی" کی تقریب رونمائی بھی کروائی گئی**

حاصل پور (نامہ نگار) عاشق حسین خان ایڈووکیٹ میموریل آرگنائزیشن حاصل پور بزم

بقیہ نمبر 25 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

## ضلع بھر کے ایس ڈی پی اوز اور ایس ایچ اوز سے بذریعہ ویڈیو لنک کرائم میٹنگ

**سماج دشمن عناصر کے خلاف بلاامتیاز کارروائیاں جاری رکھیں، ڈی پی او**

بہاول پور (پ ر) ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر رانا عبدالوہاب کی ایس پی انوسٹی گیشن فرخ جاوید کے ہمراہ ڈی پی او آفس کے کانفرنس روم میں ضلع بھر کے ایس ڈی پی اوز اور ایس ایچ اوز سے بذریعہ ویڈیو لنک کرائم میٹنگ۔ شہریوں کا امن خراب کرنے والے کسی رعائت کے مستحق نہیں، سماج دشمن عناصر کے خلاف بلاامتیاز

بقیہ نمبر 19 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

بہاولپور: ڈی پی او رانا عبدالوہاب کی ایس پی انوسٹی گیشن فرخ جاوید کے ہمراہ ڈی پی او آفس کے کانفرنس روم میں ضلع بھر کے ایس ڈی پی اوز اور ایس ایچ اوز سے بذریعہ ویڈیو لنک کرائم میٹنگ کررہے ہیں۔

وائس چانسلر آئی یو بی پروفیسر ڈاکٹر محمد کامران پنجاب کی یونیورسٹیوں کے وائس چانسلرز کے ہمراہ اسپیکر پنجاب اسمبلی ملک محمد احمد خان کی زیر صدارت اجلاس میں شریک ہیں۔

ایک دام

# نشاط

پروپرائیٹر میاں خالد اینڈ سنز

# فیبرکس

آپ کا اعتماد...... ہماری پہچان

نزد رسول پلازہ ڈیرہ نواب روڈ

میاں بلال خالد 0332-6263802 – میاں عمر خالد 0331-7567242

جینٹس ورائٹی' یامین' زین جی' اپ ٹائم' رواج' کرینٹ' کراؤن 'پوری' نارکنز لیڈیز ورائٹی' بن الیاس' ایڈن روب' رنگ رسیہ 'ایمان عدیل' علیز ے' زل بری' شنائیل' میرین کلاسک' بن وحید 'بن سعید' پیری ڈوٹ' موٹفز' شادی بیاہ کی اعلیٰ ترین ورائٹی آپ کی پسند کے مطابق دستیاب ہے۔

---

EFA School System

# ایفا

نرسری تا نہم

# سکول سسٹم

پنجاب گروپ آف کالجز کا تعلیمی منصوبہ

پرنسپل: محمد سلیمان فاروقی

نزد پنجاب کالج فنجی موڑ احمد پور شرقیہ

---

آپ کا اعتماد......ہمارا معیار

# نشاط آوٹ فٹ

ہمارے ہاں

بن سعید، سکسس برو، کارلوکلب، مسٹر ہارون، آئی پی، ایم پی، زارا، نائیک، پولو، فورکڈز، بیس، بینگو، کڈز، بے بی بابا، کرتا شلوار

میاں حمزہ خالد

0300-4655291

فراک کی اعلیٰ ترین ورائٹی دستیاب ہے

پینٹ شرٹ ہر سائز میں خرید فرمائیں۔

شاپ نمبر1 جنگو پلازہ ڈیرہ نواب روڈ

---

پنجاب ایجوکیشن فاؤنڈیشن و بہاولپور بورڈ سے الحاق شدہ

Muslim Public High School

# مسلم پبلک ہائی سکول

(بوائز اینڈ گرلز)

پرنسپل: محمد اسماعیل فاروقی

ایم اے ایل ایل بی

0300-8884846

کچہری روڈ احمد پور شرقیہ

---

پنجاب ایجوکیشن فاؤنڈیشن و بہاولپور بورڈ سے الحاق شدہ

Ahmedpur Public High School

# احمد پور پبلک ہائی سکول

(بوائز اینڈ گرلز)

کنگن روڈ احمد پور شرقیہ

پرنسپل محمد یوسف فاروقی

بی اے ایل ایل بی

0301-8688787

Punjab College
(Ahmedpur East)

پنجاب کالج
(احمد پور شرقیہ)

F.Sc | I.CS. | FA{iT}
BS | BS | BS (Computer Scienic)

بوائز اور گرلز کیلئے علیحدہ علیحدہ کیمپس

قینچی موڑ ڈیرہ نواب روڈ احمد پور شرقیہ

---

اب نئی انتظامیہ کے ساتھ
The Educators
دی ایجوکیٹرز
نرسری تا پنجم
بین ہاؤس سکول سسٹم کا پراجیکٹ
عثمان کیمپس

سیٹلائیٹ ٹاؤن بالمقابل مدینہ مسجد
نزد مسجد العزیز حمزہ ٹاؤن احمد پور شرقیہ

---

پنجاب ایجوکیشن فاؤنڈیشن بہاولپور بورڈ سے الحاق شدہ
Al Saleem Public School
السلیم پبلک سکول (رجسٹرڈ)
(نرسری تا میٹرک)
(بوائز اینڈ گرلز)
پرنسپل و ڈائریکٹر
ارشد سلیم
نزد ہائی وے مسافر خانہ
کے ایل پی روڈ مسافر خانہ تحصیل بہاولپور صدر ضلع بہاولپور

---

پنجاب ایجوکیشن فاؤنڈیشن و بہاولپور بورڈ سے الحاق شدہ
پبلک ہائیر سیکنڈری
احمد پور سکول
بوائز اینڈ گرلز
نرسری تا میٹرک
6 کنال رقبہ پر مشتمل سکول کیمپس
پرنسپل: محمد سلیمان فاروقی
ایم اے بی ایڈ ایل ایل بی
0300-8688787

## E-TENDER NOTICE

The **THQ HOSPITAL HASILPUR, DISTRICT BAHAWALPUR** sealed tender are invited from well reputed and financially strong companies / firms / authorized distributors and experienced Suppliers, registered with income tax (Filler) and sales tax (Active) departments for "the frame work rate contract of the following items for the **Financial year 2026-2027** under Punjab Procurement Rules 2014.

| ITEM | DESCRIPTION | Estimated Cost | Bid Security (2%) | Opening Date of all Lot (Technical) |
|---|---|---|---|---|
| LOT-I | Local Purchase of Medicines, Surgical & Disposable Items including SSP | 20,00,000 | 2% | 22.10.2026 11:30am |
| LOT-II | Framework Contract for purchase of DialysisUnit Items / Medicines | 20,00,000 | 2% | |
| LOT-III | Medical Devices & Surgical Disposable Items on MR Basis | 10,00,000 | 2% | |
| LOT-IV | Framework Contract for purchase of Medical Gases | 40,00,000 | 2% | |
| LOT-V | Framework Contract for purchase of Stationery items | 1,000,000 | 2% | |
| LOT-VI | Framework Contract for purchase of General Store items / Misc. Items | 1,00,00,000 | 2% | |
| LOT-VII | Framework Contract for purchase of Printing Items | 3,000,000 | 2% | |
| LOT-VIII | Framework Contract for purchase of Linen items | 25,00,000 | 2% | |
| LOT-IX | Framework Contract for purchase of Laboratory items | 30,00,000 | 2% | |
| LOT-X | Framework Contract for purchase of Dental items | 10,00,000 | 2% | |
| LOT-XI | Framework Contract for purchase of X-ray items / Radiology Accessories | 20,00,000 | 2% | |

| | |
|---|---|
| Date & Time Submission of Tender / Bid | 22.10.2026 at 11:00am |
| Date & Time of Opening of Tender | 22.10.2026 at 11:30am |

**Place of Submission of Bids: Office of the Medical Superintendent THQ Hospital Hasilpur**

2. Bidding shall be conducted through Open competitive bidding **(Single stage-two Envelope)** procedures specified in the Punjab procurement rules PPRA 2014 (amended Jan 2016), and is open to all eligible bidders as defined in the bidding document.
3. Bidding Documents must be accompanied by a bid security valid for 120 days in the form of CDR, pay order, Demand n Draft, from a scheduled bank of Pakistan.
4. Bids which are incomplete, un-sealed, un- satisfied and un- stamped or not in accordance with the specified rules/ mode will not be considered.
5. The bidders are requested to give their best and final prices as no negotiations are expected as per PPRA Rules.
6. Taxes will be deducted as per applicable government rules. **NTN and Sales Tax Registration certificate** must be provided.
7. The detail terms & conditions may be seen in the bidding documents on PPRA and Punjab e procurement system (eP) Website www.ppra.punjab.gov.pk and http://ep.punjab.gov.pk.
**(All the procuring process shall be through Punjab e-Procurement System (eP) according to newly notified Punjab E-Procurement Rule 3A of PPRA-2014).**

**MEDICAL SUPERINTENDENT**
**TEHSIL HEAD QUARTER HOSPITAL HASILPUR**

IPB-679

### بقیہ نمبر 01

ں اور مختلف ممالک سے آنے والے وفود سے خطاب کیا۔ پاکستان کی نمائندگی وزیراعظم کے معاونِ خصوصی اور افغانستان کے لیے خصوصی نمائندے سفیر محمد صادق کی قیادت میں اعلیٰ سطحی وفد کررہا ہے۔ پاکستانی وفد میں روس میں پاکستان کے سفیر فیصل نیاز ترمذی، افغانستان میں پاکستان کے سفیر عبیدالرحمان نظامانی اور دیگر اعلیٰ حکام بھی شامل ہیں۔ اجلاس کے دوران افغانستان کی موجودہ صورت حال، علاقائی امن و سلامتی، دہشت گردی کے خلاف تعاون، اقتصادی روابط اور خطے میں رابطہ کاری کے فروغ پر توجہ مرکوز کی جارہی ہے، شرکا افغانستان کے ساتھ مسلسل رابطے، مشترکہ سکیورٹی چیلنجز سے نمٹنے اور علاقائی اقتصادی تعاون کے امکانات پر بھی تبادلہ خیال کررہے ہیں۔ پاکستان نے اجلاس میں اپنے مقف کا اعادہ کرتے ہوئے افغانستان میں امن و استحکام کو پورے خطے کی سلامتی اور خوشحالی کے لیے ضروری قرار دیا۔ پاکستانی حکام کے مطابق مشترکہ سکیورٹی اور اقتصادی مسائل کے حل کے لیے افغانستان کے ساتھ مسلسل رابطہ اور خطے کے ممالک کے درمیان بامقصد مذاکرات جاری رکھنا ناگزیر ہے۔ اسکو فارمیٹ افغانستان اور خطے کے متعلقہ ممالک کو ایک مشترکہ پلیٹ فارم فراہم کرتا ہے، جہاں افغانستان کی سیاسی، سکیورٹی، انسانی اور اقتصادی صورت حال سمیت باہمی دلچسپی کے علاقائی معاملات پر مشاورت کی جاتی ہے۔

### بقیہ نمبر 02

نے رفیع قمر روڈ نزد کانجو چوک پر زیرِ تعمیر مونومنٹ کا معائنہ کیا اور تعمیراتی پیش رفت کا جائزہ لیا۔ کمشنر بہاولپور ڈویژن نے مونومنٹ پر جاری تعمیراتی کام، ٹف ٹائلز کی تنصیب اور دیگر تکمیلی مراحل کا معائنہ کرتے ہوئے ہدایت کی کہ منصوبے کی تعمیر میں اعلیٰ معیار، پائیداری اور خوبصورتی کے تقاضوں کو ہر صورت یقینی بنایا جائے۔ انہوں نے کہا کہ مونومنٹ کی تکمیل سے رفیع قمر روڈ کے اطراف کے علاقے کا حسن مزید نکھرے گا اور یہ بہاولپور شہر کی خوبصورتی اور دلکشی میں نمایاں اضافہ کرے گا۔ کمشنر عرفان علی کاٹھیا نے کہا کہ مونومنٹ پر خوبصورت اور معیاری ٹف ٹائلز کی تنصیب کا کام جاری ہے جبکہ شہریوں کے لیے دیدہ زیب منظر اور بہتر ماحول کی فراہمی کے پیش نظر جدید لائٹس بھی نصب کی جائیں گی۔ انہوں نے متعلقہ افسران کو ہدایت کی کہ تمام تعمیراتی کام مقررہ معیار کے مطابق مکمل کیے جائیں اور منصوبے کی تکمیل میں خوبصورتی کے ساتھ ساتھ پائیداری کو بھی خصوصی اہمیت دی جائے۔ انہوں نے کہا کہ جدید اور خوبصورت مونومنٹ بہاولپور آنے والے شہریوں اور سیاحوں کے لیے خوشگوار تاثر کا باعث بنے گا، جبکہ شہر میں جاری بیوٹیفکیشن منصوبوں کا مقصد شہری ماحول کو مزید خوبصورت، پرکشش اور دیدہ زیب بنانا ہے۔ انہوں نے متعلقہ اداروں کو ہدایت کی کہ مونومنٹ کے اطراف بھی صفائی، تزئین و آرائش اور خوبصورتی کے تقاضوں کو مدنظر رکھا جائے۔ اس موقع پر ڈائریکٹر جنرل ہارٹیکلچر اتھارٹی ڈاکٹر نیر مصطفیٰ، ڈائریکٹر ڈویلپمنٹ ملک محبوب الٰہی کھر، ڈپٹی ڈائریکٹر ٹیکنیکل وقاص محمد دین سمیت متعلقہ اداروں کے افسران بھی موجود تھے۔

### بقیہ نمبر 03


Dawlance
COSTUMER SERVICE CENTER
ALI COOLING CENTER
علی کولنگ سنٹر

احمد علی چوہدری
0300-6816803
0304-8201111
کچہری روڈ نزد UBL بینک احمد پور شرقیہ


شماریات کے جاری کردہ اعداد و شمار کے مطابق یکم اکتوبر کو ختم ہونے والے ہفتے کے دوران ملک کے شمالی شہروں اور علاقوں میں سیمنٹ کی فی بوری اوسط ریٹیل قیمت 1566 روپے ریکارڈ کی گئی جو پیوستہ ہفتے کی 1533 روپے کی قیمت کے مقابلے میں 2.16 فیصد زیادہ ہے۔ اعداد و شمار کے مطابق مذکورہ ہفتے کے دوران جنوبی شہروں اور علاقوں میں سیمنٹ کی فی بوری اوسط ریٹیل قیمت 1547 روپے ریکارڈ کی گئی، جو پیوستہ ہفتے کے مقابلے میں 0.01 فیصد زیادہ ہے۔ ملک کے مختلف شمالی شہروں میں سیمنٹ کی فی بوری اوسط ریٹیل قیمت اسلام آباد میں 1577 روپے، راولپنڈی میں 1549 روپے، گوجرانوالہ میں 1600 روپے، سیالکوٹ میں 1570 روپے، لاہور میں 1620 روپے، فیصل آباد میں 1570 روپے، سرگودھا میں 1638 روپے، ملتان میں 1626 روپے، بہاولپور میں 1560 روپے، پشاور میں 1591 روپے اور بنوں میں 1550 روپے ریکارڈ کی گئی۔ اسی طرح جنوبی شہروں میں کراچی میں سیمنٹ کی فی بوری اوسط ریٹیل قیمت 1471 روپے، حیدرآباد میں 1520 روپے، سکھر میں 1610 روپے، لاڑکانہ میں 1523 روپے، کوئٹہ میں 1560 روپے اور خضدار میں 1600 روپے ریکارڈ کی گئی۔

### بقیہ نمبر 04

کی پروقار تقریب میں پیش کیا گیا۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف کو یواین ہیبیٹ سکرول آف آنر ایوارڈ پیش کرنے کے لیے خصوصی طور پر اسٹیٹ گیسٹ کی حیثیت سے مدعو کیا گیا تھا۔ تقریب میں مریم نواز شریف کی آمد پر پرتپاک خیر مقدم کیا گیا۔ اقوام متحدہ کے ہیومن سیٹلمنٹ پروگرام کی ایگزیکٹو ڈائریکٹر اینا کلوڈیا روزباخ نے وزیراعلیٰ پنجاب اور دیگر شرکا کا خیر مقدم کیا۔ مریم نواز شریف نے جب یواین ہیبیٹ سکرول آف آنر ایوارڈ وصول کیا تو ہال تالیوں سے گونج اٹھا۔ وزیراعلیٰ پنجاب نے ایوارڈ اپنی چھت، اپنا گھر پراجیکٹ کے ذریعے گھر بنانے والے افراد کے نام کردیا۔ دنیا بھر سے صرف 5 منتخب ممالک کو یواین ہیبیٹ سکرول آف آنر ایوارڈ دیا گیا۔ میانمار کے ہتو وینگ، برازیل کے تھیاگو بارمین گبرٹ، تیونس کے عبدالمالک غانم اور لندن کے صادق خان بھی ایوارڈ حاصل کرنے والوں میں شامل تھے۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے ورلڈ ہیبیٹ ڈے کے موقع پر یواین ہیبیٹ کی خصوصی نمائش کی افتتاحی تقریب میں بھی شرکت کی۔ انہیں ڈویلپمنٹ ایگریمنٹس پر دستخط کی تقریب میں بھی خصوصی طور پر مدعو کیا گیا، جبکہ انہوں نے دیگر شرکا کے ساتھ گروپ فوٹو بھی بنوایا۔ تقریب کے دوران یواین ہیبیٹ سکرول آف آنر ایوارڈ کے حوالے سے خصوصی بریفنگ بھی دی گئی۔ بریفنگ کے مطابق یہ ایوارڈ اقوام متحدہ کے ہیومن سیٹلمنٹ پروگرام سے متعلق اعلیٰ ترین بین الاقوامی اعزاز ہے، جو مختلف افراد، شہروں، سرکاری و نجی اداروں اور ریسرچ انسٹیٹیوٹس کو غیر معمولی کارکردگی پر دیا جاتا ہے۔ ایوارڈ کے لیے سستی اور مناسب رہائش، پائیدار اربن ڈویلپمنٹ، بنیادی شہری سہولتوں میں بہتری، بہتر شہری ترقی و تعمیر نو اور قدرتی آفات کے بعد بحالی جیسے اہداف مقرر کیے گئے ہیں۔ بریفنگ میں بتایا گیا کہ اقوام متحدہ کے تحت 37 سال سے جاری اس سلسلے میں اب تک 200 سرکاری و نجی اداروں کو سکرول آف آنر ایوارڈ دیے جاچکے ہیں۔ پاکستان نے بھی 2007 میں یواین ہیبیٹ سکرول آف آنر ایوارڈ وصول کیا تھا۔ بریفنگ کے مطابق 19 سال کے بعد پنجاب کا اپنی چھت، اپنا گھر پراجیکٹ دنیا بھر کے 150 سے زائد پراجیکٹس میں سرفہرست قرار پایا ہے۔ یہ پاکستان کی تاریخ میں پہلی مرتبہ ہے کہ کسی صوبے کے ہاؤسنگ پراجیکٹ کو عالمی سطح پر پذیرائی کے ساتھ یواین ہیبیٹ سکرول آف آنر ایوارڈ سے نوازا گیا ہے۔

### بقیہ نمبر 05

دی۔ کمشنر عرفان علی کاٹھیا نے ہدایت کی کہ سیوریج منصوبے کو مقررہ مدت میں مکمل کیا جائے اور تعمیراتی کام میں معیار، رفتار اور شفافیت کو ہر صورت یقینی بنایا جائے۔ انہوں نے سیوریج لائنوں کی تعمیر میں منظور شدہ معیار اور تکنیکی ضوابط پر مکمل عملدرآمد کی ہدایت کرتے ہوئے کہا کہ تعمیراتی کام میں غیر معیاری میٹریل کے استعمال کو کسی صورت برداشت نہیں کیا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ منصوبے کی تکمیل میں غیر ضروری تاخیر ہرگز برداشت نہیں کی جائے گی، جبکہ تمام مراحل میں پائیدار تعمیر اور اعلیٰ معیار کو مقدم رکھا جائے۔ انہوں نے ہدایت کی کہ شہریوں کو بہتر نکاسی آب کی سہولت کی فراہمی کے لیے منصوبے پر کام مزید تیز کیا جائے اور مقررہ ٹائم لائن کے مطابق اس کی بروقت تکمیل یقینی بنائی جائے۔ کمشنر بہاولپور ڈویژن نے کہا کہ ون یونٹ سٹاف کالونی اور ملحقہ آبادیوں کو سیوریج کے مسائل سے مستقل ریلیف فراہم کرنا منصوبے کا بنیادی مقصد ہے۔ مؤثر اور پائیدار سیوریج نظام کی تعمیر سے نکاسی آب کے مسائل کے خاتمے اور شہریوں کو بہتر سہولیات کی فراہمی میں مدد ملے گی۔ انہوں نے متعلقہ افسران کو منصوبے کی مسلسل نگرانی اور تعمیراتی معیار پر کڑی نظر رکھنے کی بھی ہدایت کی۔ اس موقع پر ڈائریکٹر ڈویلپمنٹ ملک محبوب الٰہی کھر، اسسٹنٹ کمشنر جنرل خضر رزاق منج، ڈپٹی ڈائریکٹر ٹیکنیکل وقاص محمد دین، ایکسیئن بلڈنگ عمران نذیر سمیت متعلقہ اداروں کے افسران بھی موجود تھے۔

### بقیہ نمبر 06

دورے کی تجویز پر غور کیا گیا جس کا مقصد پاکستان اور آذربائیجان کے درمیان طلباو طالبات کے تبادلے کے پروگراموں مشترکہ تحقیق اور اسکالرشپس کے مواقعوں کو وسعت دینا ہے۔ شرکا نے میزبان آذربائیجانی یونیورسٹیوں میں اسٹڈی ان پاکستان کے اسٹالز لگانے اور ٹھوس معاہدوں کی جانب پیش رفت کے لیے وہاں کی قیادت کے ساتھ براہ راست نشستیں منعقد کرنے پر بھی غور کیا۔ اسلامیہ یونیورسٹی بہاولپور نے اپنے طلباو طالبات اور اساتذہ کے لئے بین الاقوامی تعلیمی روابط کو مضبوط بنانے کے عزم کا اعادہ کیا۔

### بقیہ نمبر 07

ذرائع کے مطابق جیٹ فیول کی قیمت بڑھ کر 355 روپے 52 پیسے فی لیٹر تک جا پہنچی ہے۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ یکم تا 3 اکتوبر جیٹ فیول کی فی لیٹر قیمت میں 9 روپے 5 پیسے کا اضافہ ہوچکا ہے۔ ایئر لائن ذرائع کے مطابق جیٹ فیول مہنگا ہونے سے ایئر لائن کے آپریشنل اخراجات میں اضافہ ہوا ہے۔ ایئر لائنز کی جانب سے فضائی سفر کے ٹکٹ مہنگا کرنے کا امکان ہے۔

### بقیہ نمبر 08

مسلط کی گئی۔ کرک سے روانگی کے موقع پر جیل چوک میں لانگ مارچ کے شرکا سے خطاب میں انہوں نے کہا کہ کرک کے غیور عوام کا پورے ساتھ ریجن کے استقبال پر شکریہ ادا کرتا ہوں، آپ کے علم میں ہونا چاہیے ہم پر جو دہشت گردی مسلط کی گئی یہ سوچے سمجھے منصوبے کے تحت کی گئی، ایک دفعہ پھر پختونوں کا خون بہہ رہا ہے، ہم بے گھر اور کاروبار تباہ ہورہے ہیں، ملٹری آپریشنز اور ڈرون اٹیکس ہورہے ہیں، ہمارے بے گناہ عوام، پولیس اور فوجی جوان شہید ہورہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ اسٹیبلشمنٹ کا کارندہ ٹی وی پر بیٹھ کر کہتا ہے کہ سہیل آفریدی ناسمجھ ہے، اگر اپنے عوام کے ساتھ کھڑا ہونا ناسمجھی ہے تو میں یہ ناسمجھی بار بار کروں گا، آپ کی غلط پالیسیوں کی وجہ سے ملک تقسیم ہورہا ہے، جس حکومت کا آپ حصہ ہیں وہ 5300 ارب روپے کی کرپشن کرچکی ہے، اگر آپ کے لیے یہ سمجھ داری ہے تو میں ایسی سمجھ داری پر لعنت بھیجتا ہوں، اگر ملک سے محبت ناسمجھی ہے تو میں یہ ناسمجھی بار بار کروں گا۔ ان کا کہنا تھا کہ جنہیں مسلط کیا گیا ہے وہ پاکستان کو تقسیم اور ملک میں تعصب پیدا کرنا چاہتے ہیں، حالات ان کے قابو سے باہر نکل گئے ہیں، جنہیں دوبارہ آباد کیا گیا وہ بھی ان کے قابو سے باہر ہوگئے ہیں، خیبرپختونخوا حکومت کو غلط پالیسی کا حصہ بننے پر مجبور کیا جارہا ہے میں عمران خان کا کھلاڑی ہوں، میں نے طاقتوروں کو ایبسولوٹلی ناٹ کہا ہے، ملک پر مسلط ایک مائنڈ سیٹ خیبر پختونخوا کے ساتھ سوتیلی ماں جیسا سلوک کررہا ہے، یہ ایک غلط پالیسی پر دوسری غلط پالیسی مسلط کرنا چاہتے ہیں اور آپ کو الگ کرنا چاہتے ہیں۔ وزیراعلیٰ نے کہا کہ بند کمروں کے فیصلہ سازوں نے ملک پر ایسی پارٹی مسلط کی ہے، جس کی وزیراعلیٰ کہتی ہے کہ مجھے انڈیا سے کوئی خطرہ نہیں مگر باقی تین صوبوں سے خطرہ ہے، جب تک ہم اور ہماری نسلیں زندہ ہیں، ہم ایسا نہیں ہونے دیں گے۔ سہیل آفریدی نے کہا کہ چور اور ڈاکو ملک کے ساتھ مخلص نہیں ہوسکتے، پورے پاکستان کا ایک ہی لیڈر ہے جس کا نام عمران احمد خان نیازی ہے، عمران خان ہمارے دلوں کی دھڑکن ہے، 90 فیصد لوگ عمران خان کو چاہتے ہیں، عمران خان ہی ملک کو دلدل سے نکال سکتے اور اداروں کی عزت و وقار بحال کراسکتے ہیں۔ سہیل آفریدی نے کہا کہ جو فوجی جوان شہید ہوتے ہیں اور ملک کے لیے قربانی دیتے ہیں، وہ ہمارے وجود کا حصہ ہیں جبکہ پورے ملک میں اس موجودہ سسٹم کے خلاف نفرت دیکھ رہا ہوں، خیبر سے کراچی تک ہر شخص اسلام آباد جانا چاہتا ہے، ہمارے جمہوری مطالبات آپ کو ماننا پڑیں گے، پاکستان میں وہی پالیسی بنے گی جو عوام کے حق میں ہوگی، ہم ہر اس پالیسی کے باغی ہیں جو عوام کے مفاد میں نہ ہو۔ وزیراعلیٰ سہیل آفریدی نے کہا کہ عمران خان دلیری سے جیل کاٹ رہے ہیں، اگر انہیں اقتدار کی لالچ ہوتی تو ایک دستخط کرکے باہر آجاتے، مگر وہ نہیں جھکے، ہم نے حقیقی آزادی کی جنگ عمران خان کے سنگ لڑنی ہے۔ انہوں ل ے کہا کہ عمران خان اور ان کا پورا خاندان ہمارے اور ہمارے بچوں کے مستقبل کے لیے قربانی دے رہا ہے، 26ویں آئینی ترمیم کے بعد عدالتیں چٹ کا انتظار کرتی ہیں، عمران خان آپ کا انتظار کررہے ہیں، آپ کو فیصلہ کرنا ہے کہ غلامی قبول کرنی ہے یا حقیقی آزادی چاہتے ہیں، آپ کو فیصلہ کرنا ہے کہ طاقتور کے سامنے سر جھکانا ہے یا آزادی کی جنگ لڑنی ہے۔ وزیراعلیٰ نے مزید کہا کہ پاکستان کے کونے کونے سے صوابی پہنچیں جہاں آئندہ کا لائحہ عمل دیا جائے گا۔ وزیر اعلیٰ خیبرپختونخوا محمد سہیل آفریدی کا کوہاٹ کی تحصیل لاچی پہنچنے پر لانگ مارچ شرکا سے خطاب میں کہنا تھا کہ شاندار استقبال پر کوہاٹ کے عوام کو خراج تحسین پیش کرتا ہوں، کوہاٹ کے لوگ کل کوہاٹ کا موسم مکمل تبدیل کردیں گے، کل 3 بجے یونیورسٹی چوک سے پشاور کی جانب سفر شروع ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ میں عمران خان کا سپاہی ہوں، پوری دنیا مل کر بھی میری قیمت نہیں لگاسکتی، اسی طرح پوری دنیا کی طاقت اکٹھی ہوکر بھی مجھے ڈرا نہیں سکتی، ہم نے خود کو تھکانا نہیں ہماری جدو جہد طویل ہے، 8 اکتوبر سے ٹی ٹوئنٹی میچ شروع ہوگا، جس طرح کوہاٹ نکلے گا، کوہاٹ نے کسی کو موقع نہیں دینا کہ آپ سے کوئی ضلع آگے نکل جائے، پیغام پہنچانا ہے کہ خیبر پختونخوا عمران خان کا ہے، عمران خان کا تھا اور عمران خان کا ہی رہے گا۔

### بقیہ نمبر 09

سعودی عرب پر مشتمل دفاعی معاہدہ خوش آئند ہے، دفاعی معاہدے میں ایران، بنگلہ دیش سمیت دیگر مسلم ممالک کو بھی شامل کیا جائے، اگر یہ دفاعی معاہدہ خطے کے دفاع کے لیے ہے تو اس کا پہلا مقصد فلسطین کا تحفظ اور اسرائیلی جارحیت کا خاتمہ ہونا چاہیئے، جنگ بندی کے باوجود غزہ کے وسیع علاقوں میں اسرائیلی بمباری جاری ہے۔ مسجد اقصی کی آزادی کے لیے جدوجہد کو مزید تیز کیا جائے۔ امت مسلمہ کو فرقوں، مسلکی اور جغرافیائی تقسیم میں الجھنے کے بجائے فلسطین اور کشمیر کے مظلوم عوام کی پشتیبانی کے لیے متحد ہونا ہوگا، انہوں نے کہا 70 فیصد غزہ کو ملیا میٹ کیا جاچکا ہے اس کے باوجود اہل غزہ کے نوجوان تعلیم حاصل کررہے ہیں، بہت جلد جماعت اسلامی اور الخدمت کے تحت بنو قابل پروگرام فلسطین میں بھی شروع کیا جائے گا، الخدمت نے عوام کے تعاون سے 10 ارب روپے کی امداد اہل فلسطین کو بھجوائی ہے۔ پاکستان کی سیاسی و مذہبی جماعتوں سے مطالبہ ہے کہ وہ فلسطینیوں اور اہل غزہ کے عوام کے ساتھ کھڑے ہوں، اسرائیل کو امریکا کی مکمل حمایت حاصل ہے جبکہ مسلم ممالک کی خاموشی بھی اسے تقویت فراہم کررہی ہے، مسلم حکمرانوں کی بے حسی نے اسرائیل کو سپورٹ دی، مسلم دنیا کے حکمرانوں، افواج اور ان تمام باضمیر انسانوں کی ذمہ داری تھی جو خود کو انسانیت کا ٹھیکیدار سمجھتے ہیں کہ وہ اسرائیل کو لگام ڈالتے۔ آج مسلم دنیا کے عوام اہل غزہ کے ساتھ کھڑے ہیں، خود امریکا کے عوام بھی اپنی حکومت کی پالیسیوں کے خلاف آواز اٹھا رہے ہیں، اختلافات بھلا کر فلسطینیوں اور کشمیریوں کی پشتیبانی کرنا ہوگی۔ پاکستان کی مذہبی جماعتوں کو کشمیر اور فلسطین کے مسائل پر مؤثر آواز اٹھانی چاہیئے۔ اسرائیل ایک ناسور ہے، جب تک یہ موجود رہے گا خطے میں بربادی کا سلسلہ جاری رہے گا۔ منعم ظفر خان نے کہا کہ کراچی کی ماں، بہنوں، بیٹیوں، بزرگوں اور نوجوانوں کو سلام اور خراج تحسین پیش کرتا ہوں کہ مختصر وقت میں اتنی بڑی تعداد میں غزہ مارچ میں شرکت کی۔ اس موقع پر غزہ کے مفتی اعظم ڈاکٹر محمود یوسف الشوبکی، جماعت اسلامی منارٹی ونگ کراچی کے صدر یونس سوہن ایڈووکیٹ، سیکرٹری کراچی توفیق الدین صدیقی و دیگر نے بھی خطاب کیا۔

### بقیہ نمبر 10

تحسین پیش۔ تفصیل کے مطابق عالمی یوم اساتذہ کے موقع پر گورنمنٹ ہائیر سیکنڈری سکول لودھراں میں ایک پروقار تقریب کا انعقاد کیا گیا جس میں طلبا نے اپنے اساتذہ کو خراج تحسین پیش کیا اور سکاؤٹس نے اساتذہ کو سلامی دی۔ اس موقع پر صوبائی نائب صدر پنجاب ٹیچرز یونین راؤ محمد زاہد مدنی نے یوم اساتذہ کے حوالے سے اپنے پیغام میں اساتذہ کی خدمات کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا کہ اساتذہ قوم کے معمار ہیں اور ان کی محنت اور لگن کے بغیر کوئی بھی معاشرہ ترقی نہیں کرسکتا۔ انہوں نے کہا کہ حکومت پنجاب اساتذہ کی تمام سلب شدہ مراعات کو بحال کرے۔ تقریب کا آغاز تلاوت کلام پاک اور نعت رسول مقبول صلی اللہ علیہ وسلم سے ہوا۔ اس موقع پر سکول کے طلبا نے اساتذہ کی عظمت اور شان کے حوالے سے تقاریر اور نظمیں پیش کیں جنہیں حاضرین نے بے حد سراہا۔ طلبا نے اپنے اساتذہ کی خدمات کا اعتراف کیا اور انہیں خراج تحسین پیش کیا۔ سکول کے سکاؤٹس نے بھی اس موقع پر اساتذہ کو سلامی دی اور ان کے معلمانہ کردار کو سلام عقیدت پیش کیا۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے پرنسپل ملک رفاقت حسین گھلو اور دیگر اساتذہ نے کہا کہ استاد وہ ہستی ہے جو نسل نو کو زیور تعلیم سے آراستہ کرنے کے ساتھ ساتھ ان کی کردار سازی میں بھی اہم کردار ادا کرتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ والدین کے بعد اساتذہ ہی بچوں کی شخصیت سازی اور ان کی صلاحیتوں کو نکھارنے میں بنیادی کردار ادا کرتے ہیں اور ایک استاد اپنی محنت، رہنمائی اور تربیت کے ذریعے طلبہ کے مستقبل کی بنیاد مضبوط کرتا ہے۔ اس موقع پر صوبائی نائب صدر پنجاب ٹیچرز یونین راؤ محمد زاہد مدنی نے اپنے پیغام میں کہا کہ عالمی یوم اساتذہ منانے کا بنیادی مقصد اساتذہ کے کردار اور اہمیت کو اجاگر کرنا اور انہیں تعلیمی شعبے میں مزید مؤثر کردار ادا کرنے کے لیے حوصلہ افزائی کرنا ہے۔ انہوں نے کہا کہ اساتذہ کی حوصلہ افزائی بھی تعلیمی عمل کا اہم حصہ ہے کیونکہ ان کی خدمات کا اعتراف انہیں مزید محنت اور جذبے کے ساتھ فرائض انجام دینے کی ترغیب دیتا ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ حکومت کو چاہیے کہ اساتذہ کے مسائل کو ترجیحی بنیادوں پر حل کرے اور تمام سلب شدہ مراعات کو بحال کرے تاکہ وہ یکسوئی کے ساتھ نوجوان نسل کو زیور تعلیم سے آراستہ کرسکیں۔ انہوں نے کہا کہ اساتذہ کے معاشی و معاشرتی مسائل کا حل تعلیمی معیار کی بہتری کے لیے ناگزیر ہے۔ واضح رہے کہ پاکستان سمیت دنیا بھر میں عالمی یوم اساتذہ ہر سال 5 اکتوبر کو منایا جاتا ہے جس کا مقصد اساتذہ کی خدمات، تعلیم اور معاشرے کی تعمیر میں ان کے کردار کو اجاگر کرنا ہے۔

### بقیہ نمبر 11

اکتوبر سے شروع ہوں گی۔ ضلعی انتظامیہ ملتان نے حضرت شاہ رکن عالمؒ کے 713ویں سالانہ عرس مبارک کے موقع پر زائرین کو بہترین سہولیات کی فراہمی اور فول پروف انتظامات کے لیے تیاریاں شروع کردی ہیں۔ اس سلسلے میں ڈپٹی کمشنر ڈاکٹر فیصل سلیم کی زیر صدارت عرس مبارک کے انتظامات کے حوالے سے اجلاس منعقد ہوا، جس میں ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر زہرہ نور، ایم ڈی پی ایچ اے محمد وسیم، ایم ڈی ستھرا پنجاب عمران منیر سمیت متعلقہ محکموں کے افسران نے شرکت کی۔ اجلاس میں عرس مبارک کے دوران زائرین کی آمد و رفت، رہائش، سکیورٹی، صفائی ستھرائی، ٹریفک مینجمنٹ اور دیگر بنیادی سہولیات کی فراہمی کے حوالے سے مختلف امور کا جائزہ لیا گیا۔ ڈپٹی کمشنر ڈاکٹر فیصل سلیم نے ہدایت کی کہ زائرین کی بہترین مہمان نوازی اور سہولت کے لیے جامع پلان مرتب کیا جائے اور تمام متعلقہ محکمے اپنی ذمہ داریاں بروقت مکمل کریں۔ ڈپٹی کمشنر نے بتایا کہ زائرین کے قیام کے لیے 16 سکولوں میں خصوصی انتظامات کیے جائیں گے جبکہ سکیورٹی کے لیے واک تھرو گیٹس بھی نصب کیے جائیں گے۔ زائرین کی آمد و رفت کو آسان بنانے کے لیے جامع ٹریفک پلان تیار کیا جائے گا اور خصوصی شٹل سروس بھی فراہم کی جائے گی۔ انہوں نے مزید کہا کہ عوامی سہولت کے پیش نظر مختلف سرکاری محکموں کے خصوصی کیمپس قائم کیے جائیں گے تاکہ عرس مبارک میں شرکت کرنے والے زائرین کو ایک ہی جگہ پر ضروری خدمات اور رہنمائی فراہم کی جاسکے۔ ڈپٹی کمشنر نے تمام متعلقہ افسران کو ہدایت کی کہ عرس مبارک کے انتظامات کو بروقت مکمل کرتے ہوئے بہترین کوآرڈینیشن یقینی بنائیں۔

### بقیہ نمبر 12

چاہیے۔ ایک استاد کے بارے میں کہا جاتا ہے کہ سب سے اچھا استاد وہ ہے جو اپنے طلبا کی تعلیم و تربیت کرتا ہے یعنی اپنے طلباو طالبات کو متحرک کرتا ہے اور لیڈرشپ کے بارے میں بھی یہی کہا جاتا ہے کہ لیڈر وہ ہے جس کے ایکشن دوسروں کو متاثر کرتے ہیں کہ وہ زیادہ اچھا بنے تو استاد بنیادی طور پر ایک لیڈر ہے۔ استاد ایک معزز پیشہ ہے جو دنیا کے تمام پیشوں کی بنیاد ہے چاہیے کوئی کاریگر، ڈاکٹر، نرس، کمپیوٹر انجینئر، سائنسدان ہو وہ اس مقام تک اپنے استاد کی بدولت ہی پہنچتا ہے۔ اسی لیے بلاشبہ استاد کو روحانی باپ کہا جاتا ہے۔ استاد ایک انسان کی تعلیمی اخلاقی اور روحانی تربیت کرتا ہے۔ ہم اپنے اساتذہ کو شاندار خراج تحسین پیش کرتے ہیں۔

### بقیہ نمبر 13

ہے قومی شاہراہوں پر اوور اسپیڈنگ خطرناک اوورٹیکنگ، لین ڈسپلن کی خلاف ورزی دوران ڈرائیونگ موبائل فون کا استعمال سیٹ بیلٹ کی پابندی نہ کرنا اور ڈرائیونگ کے دوران غفلت و لاپروائی حادثات کا سبب بن سکتی ہے اس لیے ڈرائیورز ٹریفک قوانین کی مکمل پابندی کریں اور اپنی اور دوسروں کی زندگیوں کو محفوظ بنانے کے لیے ذمہ داری کا مظاہرہ کریں ایس پی رانا محمد اسماعیل نے مزید کہا کہ موٹروے پولیس کی جانب سے شاہراہوں پر گشت، نگرانی اور روڈ یوزرز کی رہنمائی کا عمل مزید مؤثر بنایا جارہا ہے افسران و جوان نہ صرف ٹریفک قوانین کی خلاف ورزیوں کی نشاندہی کرتے ہیں بلکہ ضرورت کے وقت مسافروں کو فوری مدد رہنمائی اور ضروری معاونت بھی فراہم کرتے ہیں ہمارا مقصد محض چالان کرنا نہیں بلکہ شہریوں کو قوانین کی اہمیت سے آگاہ کرتے ہوئے محفوظ سفر کی عادت کو فروغ دینا ہے انہوں نے مزید کہا کہ طویل سفر کرنے والے ڈرائیورز بالخصوص کمرشل گاڑیوں کے ڈرائیورز نیند یا تھکن کی حالت میں ڈرائیونگ سے گریز کریں، گاڑی کی فٹنس اور ٹائروں کی حالت کو یقینی بنائیں اور سفر کے دوران مقررہ رفتار کی پابندی کریں والدین بھی کم عمر بچوں کو گاڑی یا موٹرسائیکل چلانے کی اجازت نہ دیں، کیونکہ معمولی سی غفلت قیمتی انسانی جان کے ضیاع کا باعث بن سکتی ہے روڈ سیفٹی صرف موٹروے پولیس کی نہیں بلکہ ہر روڈ یوزر کی مشترکہ ذمہ داری ہے شہری ٹریفک قوانین کا احترام کریں پولیس اہلکاروں کے ساتھ تعاون کریں اور کسی بھی ہنگامی صورتحال یا مدد کی ضرورت کے وقت موٹروے پولیس سے فوری رابطہ کریں۔ باہمی تعاون اور قانون کی پابندی سے ہی شاہراہوں کو محفوظ بنایا جاسکتا ہے اس موقع پر ڈی ایس پی سید محمد رضوان شاہ ایڈمن آفیسر صفدر منیر خان لنگاہ عثمان بن سعید رئیس ایاز احمد رانا ہارون عباس بھی موجود تھے۔

### بقیہ نمبر 14

سٹاف کی دستیابی سے متعلق امور پر گفتگو کی گئی۔ ملاقات کے دوران بہاول وکٹوریہ ہسپتال اور سر صادق محمد خان عباسی ہسپتال میں نرسنگ سٹاف کی کمی کا معاملہ خصوصی طور پر زیر بحث آیا۔ رکن صوبائی اسمبلی سعدیہ بلال نے دونوں ہسپتالوں میں نرسنگ سٹاف کی کمی دور کرنے اور مریضوں کو بہتر طبی سہولیات کی فراہمی کے لیے مؤثر اقدامات کی ضرورت پر زور دیا۔ صوبائی وزیر صحت خواجہ سلمان رفیق نے نرسنگ سٹاف کی کمی دور کرنے کی یقین دہانی کراتے ہوئے کہا کہ ہسپتالوں میں نرسنگ سٹاف کی صورتحال میں آئندہ ماہ تک بہتری لانے کے لیے اقدامات کیے جائیں گے۔ انہوں نے بہاولپور کے ہسپتالوں میں طبی سہولیات مزید بہتر بنانے سے متعلق رکن صوبائی اسمبلی کی سفارشات پر بھی عملی اقدامات کی یقین دہانی کرائی۔ ملاقات میں بہاولپور میں کینسر ہسپتال کے قیام کی ضرورت پر بھی خصوصی گفتگو ہوئی۔ صوبائی وزیر صحت خواجہ سلمان رفیق نے بہاولپور میں کینسر ہسپتال کے قیام کے حوالے سے اہم پیش رفت اور خوشخبری سناتے ہوئے ہسپتال کے قیام کی یقین دہانی کرائی۔ اس موقع پر جدید طبی سہولیات کی فراہمی، ہسپتالوں میں علاج معالجے کے معیار میں بہتری اور عوام کو صحت کے شعبے میں مزید مؤثر ریلیف کی فراہمی کے لیے اقدامات جاری رکھنے پر اتفاق کیا گیا۔ ملاقات میں سینئر نائب صدر مسلم لیگ (ن) لائرز ونگ بلال محمود ملک بھی موجود تھے۔

### بقیہ نمبر 15

صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ حالیہ ہفتوں کے دوران روس نے یوکرین کے خلاف جیٹ ڈرونز کے استعمال میں نمایاں اضافہ کیا ہے، جن کا مقابلہ کرنے کے لیے یوکرین کے پاس فی الحال جنگی طیاروں کے علاوہ مؤثر ذرائع محدود ہیں۔ روس اور شمالی کوریا کے درمیان عسکری تعاون کا ذکر کرتے ہوئے ولودیمیر زیلنسکی نے کہا کہ روس شمالی کوریا کے ساتھ ٹیکنالوجی شیئر کررہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ شمالی کوریا نے روس کو میزائل فراہم کیے ہیں، اس لیے ان کے خیال میں روس نے ڈرون ٹیکنالوجی بھی اسے فراہم کی ہوگی۔

### بقیہ نمبر 16

اڈوں پر منتقل کردیے ہیں۔ بی بی سی کے مطابق امریکی محکمے کے ایک اہلکار نیاس کی تصدیق کی۔ امریکہ نے اس انخلا کی کوئی وجہ نہیں بتائی، تاہم یہ اقدام 27 ستمبر کو پیش آنے والے ایک بڑے واقعے کے بعد سامنے آیا ہے، جب گلوسٹرشائر میں واقع اس فضائی اڈے کے قریب تین 'مشکوک گاڑیوں' کی موجودگی کی اطلاع پر پولیس کو طلب کیا گیا تھا۔ اس واقعے کے سلسلے میں ابتدائی طور پر پانچ افراد کو دہشت گردی سے متعلق الزامات کے شبہے میں گرفتار کیا گیا تھا، تاہم بعد میں انھیں پولیس ضمانت پر رہا کردیا گیا۔ بعد ازاں ایک چھٹے شخص، جو برطانوی۔ ایرانی شہری بتایا جاتا ہے، کو بھی گرفتار کرکے ضمانت پر رہا کردیا گیا۔

### بقیہ نمبر 17

خزانہ جلالیہ کی تحقیق مقدمہ کے عنوان سے مکمل کیا۔ مقالہ نگار نے صاحب کتاب کے مزار اوچ شریف، دادا جان حضور حضرت سید شیر شاہ جلال الدین حسین حیدر سرخ پوش بخاری رحمتہ اللہ علیہ درگاہ شریف، قدم مبارک حضرت مولا علی علیہ السلام، روضہ بی بی جند وڈی پر حاضری دی اور تھیسز ہارڈ کاپی بطور تحفہ لائبریری وریسرچ اکیڈمی مخدوم سید جلال الدین حسین جہانیاں جہاں گشت بخاری رح خلیفہ شمیم عباس شجرا نویس کو پیش کی۔ مقالہ نگار پروفیسر ڈاکٹر احمد عباس سے گفتگو میں پروفیسر ڈاکٹر محمد الطاف ڈاہر جلالوی نے کہا کہ اوچ مکہ است مثال مدینہ دان آہستہ پابنہ کہ ملک سجدہ می کنند۔ اوچ پاک سرائیکی دھرتی تصوف، امن و رواداری کی خوبصورت دانش و عرفان گاہ ہے۔ موجودہ عہد میں فلسفہ جلال احترام انسانیت و برداشت کو عام کرنے کے لیے حضرت سید شیر شاہ جلال الدین حسین حیدر سرخ پوش بخاری رح صوفی ازم اینڈ آرکیالوجی سائنس یونیورسٹی اوچ شریف وقت کی اہم ضرورت ہے۔ اس پر تمام ادیبوں نے تائید کی۔ بزرگوں کے آستانے اور تعلیمات لوگوں کے لیے رشد و ہدایت کے روحانی مکتب ہیں۔ اس موقع پر پروفیسر قیصر عباس، پروفیسر اسد علی، سندھ کے مہمان شاعر خلیل کمہار، میڈم کائنات، پروفیسر حیدر رضا انجم، صاحبزادہ سید نجیب علی بخاری، صاحبزادہ سید ریاض جہانیاں بخاری، خلیفہ ملک اشفاق چنڑ، مجاور محمد صابر، سلیم حیدر، نوید ہاشمی علوی، صابر علی کے ساتھ دیگر عقیدت مند بھی موجود تھے۔

### بقیہ نمبر 18

کیے۔ تفصیلات کے مطابق وزیر اعلیٰ پنجاب اور انسپکٹر جنرل آف پولیس پنجاب کے ویژن اور احکامات کی روشنی میں منعقدہ کھلی کچہری کے دوران ڈی پی او رانا عبدالوہاب نے تمام سائلین کے مسائل فرداً فرداً تفصیل سے سنے اور متعلقہ افسران کو بذریعہ فون فوری قانونی کارروائی اور بروقت واپسی رپورٹ پیش کرنے کے احکامات جاری کیے۔ ڈی پی او بہاولپور نے مختلف درخواستوں پر انکوائریوں کے احکامات جاری کرتے ہوئے ریکوری کے مقدمات میں متعلقہ تفتیشی افسران کو ہدایت دی کہ جلد از جلد ریکوری مکمل کرکے مال مسروقہ مدعیان کے حوالے کیا جائے اور اس ضمن میں رپورٹ پیش کی جائے۔ انہوں نے واضح کیا کہ غفلت یا تاخیر کے مرتکب افسران کے خلاف محکمانہ کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔ اس موقع پر ڈی پی او رانا عبدالوہاب کا کہنا تھا کہ کھلی کچہریوں کا مقصد وزیر اعلیٰ پنجاب کے ویژن کے مطابق شہریوں کے مسائل کو ترجیحی بنیادوں پر حل کرنا اور عوام و پولیس کے درمیان اعتماد کے رشتے کو مزید مضبوط بنانا ہے۔ شہریوں نے ڈی پی او بہاولپور کے اس اقدام کو سراہتے ہوئے کہا کہ مسائل کے فوری حل کے لیے پولیس افسران تک براہ راست رسائی ایک خوش آئند اور مثبت قدم ہے۔

### بقیہ نمبر 19

کارروائیاں جاری رکھیں، ڈی پی او تفصیلات کے مطابق ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر رانا عبدالوہاب نے انسپکٹر جنرل آف پولیس پنجاب کی کرائم کنٹرول کے حوالے سے جاری کردہ پالیسی کو مدنظر رکھتے ہوئے کانفرنس ہال میں برانچ ہیڈ کے ہمراہ ضلع بھر کے ایس ڈی پی اوز اور ایس ایچ اوز سے بذریعہ ویڈیو لنک میٹنگ کی۔ میٹنگ میں جملہ سرکل افسران نے مقدمات بارے ڈی پی او بہاولپور کو بریفنگ دی۔ جس پر ڈی پی او رانا عبدالوہاب نے کہا کہ روزانہ کی پراگرس چیک کی جارہی ہے۔ اشتہاری مجرمان کی گرفتاریوں کا تحرک تیز کیا جائے اور پرانے ملزمان کو اشتہاری قرار دلوایا جائے۔ قتل، اقدام قتل، ڈکیتی، رابری اور سنگین مقدمات کی تفتیش میرٹ اور مقررہ وقت میں کی جائے۔ زیر تفتیش مقدمات کو جلد از جلد یکسو کروائیں اور چالان دی گئی ڈیڈ لائن میں عدالت جمع کروائے جائیں۔ جملہ سرکل افسران روزانہ کی بنیاد پر زیر تفتیش مقدمات بارے تفصیلی رپورٹ مرتب کرنے کے ذمہ دار ہوں گے۔ ہاٹ سپاٹ والے ایریاز کی خصوصی نگرانی کریں۔ گشت کے نظام کو موثر اور سماج دشمن عناصر کے خلاف بھرپور کارروائیاں عمل میں لائیں تاکہ لوگوں کی قیمتی جانوں کو محفوظ بنایا جاسکے۔ منشیات فروشوں کے خلاف روزانہ کی بنیاد پر کارروائیوں کو تیز کیا جائے۔ تھانہ پر آنے والی درخواستوں کو میرٹ پر متعین کردہ وقت میں حل کیا جائے۔ انہوں نے مزید کہا کہ میری پالیسی صرف اور صرف میرٹ ہے، شہریوں کو زیادہ سے زیادہ ریلیف مہیا کرنا میری اولین ترجیح ہے۔ پولیس کی طرف سے کسی بھی شہری کی ساتھ زیادتی یا بدعنوانی کی شکایت پر سخت احتساب عمل میں لایا جائے گا۔ میٹنگ کے اختتام پر ڈی پی او بہاولپور نے جملہ ایس ڈی پی اوز کو روزانہ کی بنیاد پر اپنے سرکل میں کھلی کچہری لگانے اور شہریوں کے مسائل سن قانون کے مطابق حل کرنے احکامات جاری کئے

### بقیہ نمبر 20

وزراء کے بیانات کو سمجھ سے بالاتر قرار دے دیا۔ انہوں نے کہا ہے کہ سسٹم ناکام ہونے کا بیانیہ بنا کر نئے صوبے بنانے کی منطق سمجھ نہیں آتی۔ بلاول بھٹو زرداری نے کہا ہے کہ تھر میں جو تبدیلی دیکھی ہے، وہ پورے پاکستان میں نظر نہیں آتی، تھر میں ہر لحاظ سے ترقی ہوئی ہے اور پورا پاکستان حیران ہے کہ تھر کہاں پہنچ گیا ہے۔ ان کا کہنا ہے کہ تھر پارکر ملک کے نظام، آئین اور 18 ویں ترمیم کی سب سے بڑی مثال ہے، تھر بلاک ٹو میں پہلے 600 میگا واٹ بجلی پیدا کی جارہی تھی، اب 2 ہزار میگا واٹ بجلی پیدا کی جارہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ اسلام آباد کے ماہرین کہتے تھے کہ تھر کا کوئلہ بے کار ہے اور اس میں سرمایہ کاری بھی بے فائدہ ہوگی، لیکن آج تھر کے بچے امتحانات میں ٹاپ کررہے ہیں، پورے ملک کو انہیں مبارکباد دینی چاہیے۔ چیئرمین پیپلز پارٹی نے کہا ہے کہ ایک سیاسی جماعت کراچی میں نفرت کی سیاست کرتی ہے، تھر کے بچے ٹاپ کرتے ہیں لیکن ان کی تعریف کرنے کے بجائے نفرت کی سیاست کی جاتی ہے، کچھ لوگوں کو تھر کی ترقی ہضم نہیں ہورہی۔ بلاول بھٹو نے کہا کہ اسلام آباد کو بھی تھر کی طرح چلنا چاہیے، تھر کے کوئلے کی وجہ سے ملک کا 1.6 ارب ڈالرز کا زرمبادلہ بچ رہا ہے۔ ان کا کہنا ہے کہ اگر ہمیں اسلام آباد کی ذمے داری دی جائے تو ہم دکھائیں گے کہ تھر کے بچے اور لوگ کیا کچھ کرسکتے ہیں، اسلام آباد ناکام ہوچکا ہے تو اسے تھر والوں کے حوالے کردینا چاہیے، ہم اسلام آباد کے بچوں کو بھی ٹاپ کرائیں گے اور اسپتال بہتر بنائیں گے۔ انہوں نے کہا کہ یہ منطق سمجھ نہیں آتی کہ نظام ناکام ہوگیا تو نئے صوبے بنائے جائیں، تھر کو صوبہ بنانے کی منطق بھی سمجھ نہیں آتی، کراچی میں سیاسی یتیموں کی جماعت صیہونیوں کی سیاست کرتی ہے، سندھ میں صیہونیت کی سیاست لانے کی کوشش کبھی کامیاب نہیں ہوگی۔ چیئرمین پیپلز پارٹی نے کہا کہ دنیا میں کھاد کا بحران ہے، تھر کے کوئلے سے متعلق منصوبہ تیزی سے مکمل کیا جائے، کراچی میں بھی پبلک پرائیویٹ شراکت داری کے ذریعے ترقیاتی کام کرنا چاہتے ہیں۔ بلاول بھٹو نے پبلک پرائیویٹ شراکت داری کے لیے پورے پاکستان کو دعوت دیتے ہوئے کہا ہے کہ تھر کے نوجوانوں نے ثابت کیا ہے کہ وہ مواقع ملنے پر بہت کچھ کرسکتے ہیں۔

### بقیہ نمبر 21

اور کہا ہے کہ یہ جلسہ جنوبی پنجاب کی سیاسی سمت کا تعین کرے گا اور مولانا فضل الرحمان احتجاجی تحریک کے اگلے مرحلے کا اعلان کریں گے۔ جمعیت علمائے اسلام (ف) کے ترجمان نے جاری کردہ بیان میں کہا ہے کہ حکومت مخالف تحریک جے یو آئی کا اگلا قدم ہے، جنوبی پنجاب کے دل ملتان میں 15 اکتوبر کو مفتی محمود کانفرنس ہوگی، یہ کانفرنس عوامی حقوق کے تحفظ، مہنگائی اور بدامنی کے خلاف سنگ میل ثابت ہوگی۔ ترجمان نے کہا کہ مفتی محمود کانفرنس جنوبی پنجاب کی سیاسی سمت کا تعین کرے گی، مولانا فضل الرحمان، مولانا عبدالغفور حیدری و دیگر مرکزی اور صوبائی قائدین کانفرنس سے خطاب کریں گے، مولانا فضل الرحمان احتجاجی تحریک کے اگلے مرحلے کا اعلان کریں گے۔ ترجمان اسلم غوری نے کہا کہ جے یو آئی ملک میں قانون کی حکمرانی اور صاف و شفاف انتخابات، عوامی مسائل کے لیے میدان عمل میں ہے، بدامنی، مہنگائی اور بے روزگاری نے عوام کی کمر توڑ دی ہے، عوام کو اپنے حقوق کے تحفظ کے لئے جے یو آئی کے شانہ بشانہ میدان میں نکلنا ہوگا، کارکن یکسوئی، اعتماد اور نظم وضبط سے کانفرنس کی تیاریاں تیز کریں، گلی گلی کوچے کوچے عوام کو شرکت کی دعوت دیں۔

### بقیہ نمبر 22

بات چیت کرتے ہوئے کیا اجلاس کی صدارت پاکستان سول سولجر موومنٹ کے تحصیل صدر لالہ محمد اسلم قریشی نے کی اجلاس میں تحصیل نائب صدر اصف محمود خان جنرل سیکرٹری نورالمصطفیٰ خان فیضی میڈیا تحصیل کوارڈینیٹر سید آصف بخاری شکایات سیل انچارج ملک عزیز الرحمن ایڈیشنل جنرل سیکرٹری مہر عبدالحمید جوائنٹ سیکرٹری چوہدری اشتیاق فنانس سیکٹری محمد وسیم اسلم تحصیل کوارڈینیٹر محمد اجمل خان فوجی یوتھ کوارڈینیٹر ملک فلک شیر لیبر سیکرٹری بابا حاجی کرم الٰہی سٹی نائب صدر صغیر احمد قریشی ڈپٹی جنرل سیکرٹری ملک محمد عثمان میڈیا کو ارڈینیٹر سٹی وقاص شعیب بھٹی ملک محمد اصف ملک حمزہ اور نعیم اسلم نے شرکت کی اجلاس میں پاکستان سول سولجر موومنٹ کے تحصیل صدر لالہ محمد اسلم قریشی نے کہا کہ انشاءاللہ یہ تنظیم مرکزی چیئرمین تاج محمد خان کی قیادت میں پاکستان کی سلامتی خوشحالی اور ترقی کے لیے ریاست اور پاک فوج و پاکستانی اداروں کے ساتھ بھرپور ساتھ دے گی اجلاس میں شرکا نے اس عزم کا اظہار کیا کہ پاکستان سول سولجر موومنٹ تحصیل احمد پور شرقیہ ملک و قوم کی خدمت اور عوامی و فلاح بہبود کے لیے قومی اداروں اور پاک فوج کے ساتھ بھرپور تعاون کرتے ہوئے ان کے شانہ بشانہ رہے گی اس موقع پر مہمان خصوصی فہیم اسلم نے کہا کہ تحصیل احمد پور شرقیہ کی ٹیم کی بہترین کارکردگی پر میں انہیں خراج تحسین پیش کرتا ہوں ہم اپنی تنظیم کے منشور کے مطابق صوبہ پنجاب اور ڈویژن بھر میں تاج محمد خان کی سربراہی میں مکمل اعتماد کرتے ہوئے ریاست اور پاک افواج واداروں کے ساتھ پاکستان کو مضبوط اور مثالی ملک بنانے میں اہم کردار ادا کریں گے

### بقیہ نمبر 23

سوالات کے جواب مانگ لیے۔ خواجہ آصف نے ایکس پر پوسٹ کرتے ہوئے لکھا کہ آج تحریک انصاف کی یہ دلیل مسلسل سننے کو ملی کہ ''ہمیں دہشتگردی کے خلاف پالیسی بنانے نہیں دی گئی۔ اس جھوٹے دعوے پر میرے تحریک انصاف سے 8 بنیادی سوالات ہیں:۔ 1-گزشتہ 13 سال سے خیبر پختونخوا میں آپ کی حکومت رہی، وفاق میں بھی آپ اقتدار میں رہے، آپ کو دہشتگردی کے خلاف پالیسی بنانے سے کس نے روکا؟ نیشنل ایکشن پلان پر عمل سے کون سے پالیسی روک رہی ہے؟ ایپکس کمیٹی میٹنگز بلانے سے کونسی پالیسی روک رہی ہے۔۔۔ 2- دہشتگرد کو دہشتگرد کہنا، افغانستان سے آنے والے دہشتگردوں کی مذمت کرنا، پاک فوج اور عوام پر حملوں کے خلاف کھل کر افواج کے ساتھ کھڑا ہونے کے لئے آپکو کس پالیسی کی ضرورت ہے؟۔۔۔ 3- حالیہ دنوں میں افغانستان کی جانب سے کوہاٹ میں ڈرون حملے کیے گئے۔ آپ کی صوبائی حکومت نے ان حملوں کی کھل کر مذمت کیوں نہیں کی؟ کونسی پالیسی آپ کو روکتی رہی؟۔ 4- افغان سرزمین سے پاکستان کی سرحدی چوکیوں اور فوجی جوانوں پر فائرنگ ہوتی ہے، دراندازی ہوتی ہے اور دہشتگردوں کی براہ راست یا بالواسطہ معاونت کی جاتی ہے۔ آپ نے آج تک کتنی مرتبہ افغان رجیم کا نام لے کر ان سرحدی خلاف ورزیوں پر احتجاج یا مذمت کی؟ اس کے لیے کس ''پالیسی'' کی ضرورت ہے؟ 5..- آپ کے اپنے صوبے میں دہشتگردی کے لیے معاون غیرقانونی معیشت جیسا کہ بھتہ خوری، اسمگلنگ اور نان کسٹم پیڈ گاڑیوں کے کاروبار کو ختم کرنے کے لیے گزشتہ 13 سال میں آپ نے کون سے عملی اقدامات کیے اور اگر کیے تو وہ بتائیں؟۔۔۔ 6 ?- دہشت گردی کے خلاف برسرپیکار سکیورٹی فورسز روزانہ کی بنیادوں پر اپنی قربانیاں دے رہی ہیں تم نے ان فورسز سے کتنی دفعہ انکی پوسٹوں پر جا کر ان سے اظہار یکجہتی کیا؟ اور تو اور خیبر پختونخوا کے عوام جو خود بھی دہشت گردی کا نشانہ بنتے ہیں تم نے کتنی دفعہ جا کر ان یتیموں کے سر پر دست شفقت رکھا؟۔۔ ?7- دہشت گردی کے خلاف ریاست پاکستان کے بیانیے کو تم مختلف ہتھکنڈوں اور طریقوں سے کنفیوز کیوں کرتے ہو۔ تم خوارج کو خوارج کیوں نہیں کہتے اور ان خوارج کا نام لے کر انکی مذمت کیوں نہیں کرتے؟ اسکے لئے کونسی پالیسی چاہیے؟۔۔ ?8- ان تمام باتوں سے صرف ایک اندازہ لگایا جاسکتا ہے کہ 13 سال کی حکمرانی میں آپ نے کرپشن کو بے پناہ فروغ دیا صوبے کے وسائل کو دونوں ہاتھوں سے لوٹا، سوشل میڈیا پر آپکے قومی و صوبائی ممبران ایک دوسرے پر کھل کر کروڑوں اربوں لوٹنے کے الزام لگاتے ہیں۔ ایک خاتون MNA کھل کر میڈیا پر بیرون ملک سے آنے والے کروڑوں روپے کے پارٹی فنڈز خورد برد کرنے کا الزام لگاتی ہیں۔

### بقیہ نمبر 24

ہے جسے ذخیرہ نہیں کیا جاسکتا، اس لیے مناسب موقع ملنے پر گنے کو بیلنوں پر فروخت کیا جائے، جبکہ شوگر ملیں شروع ہوتے ہی بلاوجہ تاخیر کے بغیر گنا ملوں کو فراہم کیا جائے۔ ان کا کہنا ہے کہ قیمت بڑھنے کی امید میں فصل روکنے سے بعض اوقات نقصان مزید بڑھ سکتا ہے۔ کسان حلقوں نے کہا کہ گزشتہ چند برسوں سے کماد کی کاشت متوازن رکھنے کا مشورہ دیا جارہا ہے، تاہم کاشتکاروں نے کماد کی کاشت کم کرنے کے بجائے مزید اضافہ کیا، جس کے باعث رواں سیزن میں پیداوار اور مارکیٹ کے توازن کا مسئلہ پیدا ہوسکتا ہے۔ کسانوں کا کہنا ہے کہ بیلنوں پر دستیاب نرخ کے مطابق گنا مرحلہ وار فروخت کیا جائے اور شوگر ملوں کا کرشنگ سیزن شروع ہوتے ہی فصل کی بروقت سپلائی یقینی بنائی جائے تاکہ ممکنہ نقصان کو کم کیا جاسکے۔

### بقیہ نمبر 25

نعت حاصل پور اور انٹرنیشنل یونین آف رائٹرز تحصیل حاصل پور کے زیر اہتمام ماہانہ ادبی بیٹھک منعقد ہوئی۔ جسمیں سالانہ نعتیہ مشاعرہ کے ساتھ ساتھ عاشق حسین خان ایڈووکیٹ میموریل آرگنائزیشن حاصل پور کے ممبران سید مبارک علی شمسی کی نعتیہ کتاب "والشمس والضحی" اور ڈاکٹر علی حسن باجوہ کی کتاب "دماغ کے قیدی" کی تقریب رونمائی بھی تقوی ایجوکیشن کمپلیکس، اجمیری ٹاؤن، حاصل پور میں کروائی گئی۔ جو زیر صدارت سید غلام عباس شاہ ایڈووکیٹ سابق جج اور زیر سرپرستی ڈاکٹر محمد خضر حیات خان ایڈووکیٹ چیئرمین عاشق حسین خان ایڈووکیٹ میموریل آرگنائزیشن حاصل پور، صدر ڈویژن بہاولپور انٹرنیشنل یونین آف رائٹرز، لیگل ایڈوائزر بزم نعت حاصل پور ہوئی۔ مہمان اعزاز محمد ایاز سمیع جوئیہ سرپرست عاشق حسین خان ایڈووکیٹ میموریل آرگنائزیشن حاصل پور، ابراہیم حسان ناظم بزم نعت حاصل پور، طاہر حسین طاہر صدر بزم نعت حاصل پور، امجد جاوید نائب صدر جنوبی پنجاب انٹرنیشنل یونین آف رائٹرز، شفیق اقبال فریدی، ذوالفقار علی قائم خانی، عامر رضا قادری تھے۔ ارشاد حسین عباسی نے صاحب کتاب سید مبارک علی شمسی کی کتاب پر اور ڈاکٹر محمد خضر حیات خان ایڈووکیٹ نے ڈاکٹر علی حسن باجوہ کی کتاب پر مقالہ پیش کیا۔ تلاوت حافظ عبدالباسط خضر نے کی جبکہ توقیر لطیف عطاری، ناصر قادری، راشد علی خان، محمد خلیل نے نعت کی سعادت حاصل کی۔ ڈاکٹر محمد خضر حیات خان ایڈووکیٹ نے نظامت کے فرائض سرانجام دیئے۔ شعرا کرام میں محمد بوٹا وقاص قادری، طاہر حسین طاہر، ایم اے اکرم، شفیق اقبال فریدی، ڈاکٹر محمد خضر حیات خان ایڈووکیٹ، سید مبارک علی شمسی، ابراہیم حسان نے اپنا اپنا نعتیہ کلام پیش کیا۔ میزبانوں میں مرزا عامر شہزاد، محمد احسن بھٹی، سید مدثر حسن نقوی، محمد قمر شہزاد، تنویر حسین، اسفن ممتاز و دیگر عہدیداروں نے مہمانوں کا استقبال کیا۔ پیر صفدر، عمر فاروق چوہان، اقبال کھرل، علامہ ریاض قادری، علی رضا، عبد الرزاق رتھ، چوہدری خالد، چوہدری طارق، طاہر بھٹی، آصف فوجی، عدیل گوگا، خضر عباس بھٹی، غلام شبیر شاہ، و دیگر معززین شامل تھے۔ اس موقع پر ابوذر جٹ اور محمود وریا کو عاشق حسین خان ایڈووکیٹ میموریل آرگنائزیشن حاصل پور کا ممبر بنایا گیا جبکہ راشد علی خان اور سید مدثر حسن نقوی بزم نعت کے ممبران میں شامل ہوئے۔ شفیق اقبال فریدی کو انٹرنیشنل یونین آف رائٹرز میں شمولیت کی دعوت دی گئی جو انہوں نے قبول کرتے ہوئے وہاڑی کی تنظیم سازی کرنے کا وعدہ کیا۔ آخر میں تمام شعرا کرام، نعت خواں حضرات اور مخصوص افراد کو فروغ نعت ایوارڈ سے نوازا گیا۔ صاحب کتاب سید مبارک علی شمسی اور ڈاکٹر علی حسن باجوہ کو انکی تصانیف کی اشاعت پر اعتراف فن ایوارڈ سے نوازا گیا۔


پبلشر
احسان احمد سحر
پرنٹر
نسیم اختر
مطبع
گردیزی پرنٹنگ پریس بہاولپور
مقام اشاعت
535-536 سرور شاہ سٹریٹ احمد پور شرقیہ